**والدین اور سرپرستوں کے لیے معلومات**

# دل کے شدید پیدائشی عارضے (Critical Congenital Heart Disease, CCHD) کے لیے پلس آکسیمیٹری اسکریننگ

## کم نتیجے کا کیا مطلب ہے؟



### CCHD کیا ہے؟

CCHD، یا دل کا شدید پیدائشی عارضہ، ایک طبی صورتحال ہے۔ یہ تب ہوتا ہے جب بچے کا دل یا دل کے قریب خون کی بڑی رگیں صحیح طرح سے نہیں بن پاتی ہیں۔ دل شاید ٹھیک سے کام نہ کرے اور خون میں آکسیجن کی سطح کافی نہ ہو۔

### پلس آکسیمیٹری کیا ہے؟

پلس آکسیمیٹری کو کبھی کبھار "pulse ox" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ بچوں کی CCHD کے لیے اسکریننگ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ٹیسٹ بچے کے خون میں آکسیجن کی مقدار اور ان کی نبض کی رفتار کی پیمائش کرتا ہے۔ خون میں آکسیجن کی کم سطح کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ دل اس طرح کام نہیں کر رہا جیسا اسے کرنا چاہیے۔ ریاست نیویارک میں پیدا ہونے والے ہر بچے کا پیدائش کے 24 گھنٹے بعد اسکریننگ کے حصے کے طور پر پلس آکسیمیٹری ٹیسٹ کیا جائے گا۔

### آپ کے بچے کی پلس آکسیمیٹری ریڈنگ کم آئی ہے، اب کیا ہوگا؟

کچھ بچوں کی آکسیجن کی سطح کی ریڈنگ کم آئے گی۔ آکسیجن کی سطح کم ہونے کی ریڈنگ کا مطلب ہمیشہ یہ نہیں ہوتا کہ بچے کو CCHD ہے۔ کچھ صحت مند بچوں کی آکسیجن کی سطح کی ریڈنگ کم آ سکتی ہے جبکہ پیدائش کے بعد ان کا دل اور پھیپھڑے ایڈجسٹ ہو رہے ہوں۔ دیگر مسئلے بھی ہو سکتے ہیں جن کی وجہ سے آپ کے بچے کی pulse ox ریڈنگ کم آ سکتی ہے۔

آپ کا ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ فیصلہ کرے گا کہ آیا مزید ٹیسٹوں کی ضرورت ہے۔ آپ کے بچے کو ایکسرے، الیکٹرو کارڈیو گرام ("EKG")، اور/یا الٹراساؤنڈ کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ دل کے الٹراساؤنڈ کو دل کا ایکو یا ایکو کارڈیو گرام کہا جاتا ہے۔

آپ کا ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ آپ کے بچے کو بچوں کے امراضِ قلب کے ماہر (کارڈیالوجسٹ) یا دیگر ماہرین کے پاس بھیج سکتا ہے۔

### کیا ہوگا اگر میرے بچے کو CCHD ہو؟

CCHD کا علاج مختلف حالات میں مختلف ہوتا ہے لیکن اس میں ادویات، طبی طریقہ ہائے کار، یا سرجری شامل ہو سکتی ہے۔ آپ کے بچے کی طبی ٹیم علاج تجویز کرے گی اور دیگر ماہرین کے ساتھ اختیارات پر تبادلہ خیال کرے گی۔ والدین کو انتباہی علامات پر نظر رکھنی چاہیے جیسے کہ ہونٹوں یا جلد کی رنگت کا نیلا پڑ جانا، سانس لیتے وقت آوازیں نکلنا، تیز سانس لینا، سانس لینے میں دشواری کی وجہ سے نتھنوں کا پھولنا، دودھ پینے میں دشواری یا کم پینا، بہت زیادہ غنودگی یا ہر وقت سوتے رہنا، اور وزن میں مناسب اضافہ نہ ہونا۔ اگر آپ کے بچے میں ان میں سے کوئی بھی علامت ہو، تو فوری طور پر اپنے بچے کے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ کو کال کریں۔

### دل کے پیدائشی نقائص کے بارے میں وسائل

**American Heart Association**
heart.org/en/health-topics/congenital-heart-defects

**مراکز برائے انسداد و روک تھامِ امراض (Centers for Disease Control and Prevention) کا برتھ ڈیفیکٹس اور ڈویلپمنٹل ڈس ایبلٹیز کا نیشنل سینٹر (National Center on Birth Defects and Developmental Disabilities)**
cdc.gov/heart-defects

**نیویارک اسٹیٹ محکمہ صحت (New York State Department of Health)**
health.ny.gov/birthdefects